بسم اللہ الرحمن الرحیم

I Allahs navn, den Nåderike, den Barmhjertige
Allah har visselig beredt en stor belønning for dem av dere, som vil handle godt.

اللہ تعالیٰ نے تم میں سے حسنِ عمل کرنے والیوں کے لئے بہت بڑا اَجر تیار کیا ہے ---

( :سورۃ الاحزاب : 30آیت )

# نصاب علمی مقابلہ جات

# Pensum for Ijtema 2018
# Nasirat-ul-Ahmadiyya

ناصرات الاحمدیہ ناروے

Nasirat-ul-Ahmadiyya Norge

# معیارِ اوّل

# Myar-e-Awwal

| | |
|---|---|
| For Nasirat som er 13-14 år gamle det vil si de, som er født mellom 1. Januar 2002 og 31. Desember 2003. | ناصرات جن کی عمر 13 تا 14 سال ہے۔ یعنی جو 1 جنوری 2002 اور 31 دسمبر 2003 کے درمیان پیدا ہوئی ہیں |
| **Kunne utenat** | **حفظِ قرآن** |
| Siste ti kapittler | آخری 10 سورتیں |

| | |
|---|---|
| Al-Fîl | Al-Quraisj |
| Al-Mâ´ûn | Al-Kauthar |
| Al-Kâfirûn | Al-Nasr |
| Al-Lahab | Al-Ikhlâs |
| Al-Falaq | Al-Nâs |

| | |
|---|---|
| سورۃ الفیل | سورۃ قریش |
| سورۃ الماعون | سورۃ الکوثر |
| سورۃ الکافرون | سورۃ النصر |
| سورۃ اللّھب | سورۃ اخلاص |
| سورۃ الفلق | سورۃ الناس |

| | |
|---|---|
| **Resitasjon av den hellige Koranen:** | **حسنِ قراءَت** |
| Sura Al-Baqarah vers 256 | سورۃ البقرہ آیت 256 |

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا
تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ
وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ
اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا
خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ

اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ
الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ﴿۲۵۶﴾

| Bønn | حصہ نماز |
| --- | --- |
| Hele bønn (namaz) med oversettelse og Duae Qunoot med oversettelse.<br>(Denne konkurransen vil kun være på regionalt nivå. Nasirat som kommer på 1. og 2. plass vil bli spesielt premiert.) | نماز مع ترجمہ اور دعائے قنوت مع ترجمہ<br>(یہ مقابلہ صرف ریجنل سطح پر ہی منعقد ہو گا، اَوّل اور دوئم آنے والی ناصرات کو نیشنل اجتماع پر بھی خصوصی انعام دیا جائے گا) |
| **Tale Urdu/Norsk** | **تقریر (اردو/نوشک)** |
| Tale tid : 3 min<br>Velg et av tema nedenfor | تقریر کاوقت : 3منٹ<br>ذیل میں دیئے گئے عناوین میں سے کوئی ایک منتخب کریں |
| 1. Al-Mujeeb; den som aksepterer bønn | 1۔ اَلمُجیبُ دعا قبول کرنے والا |
| 2. Kalifatet i Ahmadiyyat – Fredens budbringer | 2۔ خلافت احمدیہ۔ امن کا حصار |
| 3. Hjerterom (Fem grunnleggende egenskaper for oppførsel) | 3۔ وسعتِ حوصلہ (پانچ بنیادی اخلاق) |
| 4. Den hellige Profetens (Må Allahs velsignelser og fred være med ham) sin fulle tiltro til Gud | 4۔ آنحضرت ﷺ کا خدا پر توکل |
| 5. Hvordan kan jeg bruke nye oppfinnelser i favør for å spre Islams budskap? | 5۔ نئی ایجادات کو میں کس طرح تبلیغِ اسلام کے لئے استعمال کر سکتی ہوں؟ |
| **Diktlesing:** | **نظم۔ معیار اول کے لئے نظمیں** |
| 3۔ اُف یہ تنہائی تیری اُلفت کے۔ کلام طاہر | 1۔ سونے والو جلد جاگو یہ نہ وقتِ خواب ہے۔ از درثمین |
| اُف یہ تنہائی تیری اُلفت کے مِٹ جانے کے بعد<br>تیری فُرقت میں تو اِتنا رنجِ تنہائی نہ تھا<br>اب بِتا کر عُمر ہوش آئی تو یہ عُقدہ کھلا<br>عشق ہی پاگل تھا ورنہ مَیں تو سودائی نہ تھا<br>کیسی کیسی شرم تھی، کیا کیا حیا تھی پردہ دار<br>پیار جب معصوم تھا اور وجہِ رُسوائی نہ تھا<br>وَائے پیری کی پَشیمانی، جوانی کے جنون<br>خود سے مَیں شرمندہ تھا مجھ سے میرا آئنہ تھا | سونے والو جلد جاگو یہ نہ وقتِ خواب ہے<br>جو خبر دی وحیِٔ حق نے اُس سے دل بیتاب ہے<br>زلزلہ سے دیکھتا ہُوں مَیں زمیں زیر و زبر<br>وقت اب نزدیک ہے آیا کھڑا سَیلاب ہے<br>ہے سَرِ رَہ پر کھڑا نیکوں کی وہ مولےٰ کریم<br>نیک کو کچھ غم نہیں ہے گو بڑا گرداب ہے<br>کوئی کشتی اب بچا سکتی نہیں اِس سَیل سے<br>حِیلے سب جاتے رہے اِک حضرتِ توّاب ہے |

## 2۔ قصّۂِ ہجر ذرا ہوش میں آلوں تو کہوں۔ از کلام محمود

قصّۂِ ہجر ذرا ہوش میں آلوں تو کہوں
بات لمبی ہے یہ سَر پیر جو پالوں تو کہوں
حالِ دل کہنے نہیں دیتی یہ بے تابئ دل
آؤ سینہ سے تمہیں اپنے لگالوں تو کہوں
حال یوں اُن سے کہوں جس سے وہ بے خود ہو جائیں
کوئی چُبھتی ہوئی مَیں بات بنالوں تو کہوں
شرم آتی ہے یہ کہتے کہ نہیں مِلتا تو
تیری تصویر کو مَیں دل سے مِٹالوں تو کہوں
وہ مزا ہے غمِ دلبر میں کہ مَیں کہتا ہوں
رنجِ فرقت کوئی دن اور اُٹھالوں تو کہوں

## 4۔ کیا اِلتجا کروں کہ مجَسّم دعا ہوں مَیں۔ از درِ عدن

کیا اِلتجا کروں کہ مجَسّم دعا ہوں مَیں
سر تا بہ پا سوال ہوں سائل نہیں ہوں مَیں
میری خطائیں سب تیرے غُفراں نے ڈھانپ لیں
اَب بھی نِگاہِ لُطف کے قابل نہیں ہوں مَیں
میرا کوئی نہیں ہے ٹھکانا تیرے سوا
تیرے سوا کسی کے قابل نہیں ہوں مَیں
مِٹتی ہوئی خودی نے پُکارا کہ اَے خدا
آ جا کہ تیری راہ میں حائل نہیں ہوں مَیں
یہ راگ دل کا راز ہے سُن دردِ آشنا
کُچھ ہمنوائے شورِ عنادل نہیں ہوں مَیں

# معیارِ دوئم

# Myar-e-Doim

| | |
|---|---|
| For Nasirat som er 10-12 år gamle det vil si de, som er født mellom 1. Januar 2004 og 31. Desember 2006. | ناصرات جن کی عمر 10 تا 12 سال ہے یعنی جو 1 جنوری 2004 اور 31 دسمبر 2006 کے درمیان پیدا ہوئی ہیں۔ |
| **Kunne utenat** | **حفظ قرآن** |
| Siste syv kapitler | آخری سات سورتیں |

| | |
|---|---|
| Al-Kauthar | Al-Kâfirûn |
| Al-Nasr | Al-Lahab |
| Al-Ikhlâs | Al-Falaq |
| Al-Nâs | |

| | |
|---|---|
| سورۃ الکوثر | سورۃ لکافرون |
| سورۃ النصر | سورۃ اللّھب |
| سورۃ اخلاص | سورۃ الفلق |
| سورۃ الناس | |

| | |
|---|---|
| **Resitasjon fra den hellige Koranen:** | **حسن قراءت** |
| Sura Al-Nûr vers 56 | سورۃ النور آیت 56 |

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا
الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا
اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۪ وَلَيُمَكِّنَنَّ
لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ
وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ؕ
يَعْبُدُوْنَنِيْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْـًٔا ؕ وَمَنْ
كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝٥٦

| Bønn del | حصہ نماز |
|---|---|
| Hele bønn med oversettelse og Duae Qunoot uten oversettelse.<br>(Denne konkurransen vil kun være på regionalt nivå. Nasirat som kommer på 1. og 2. plass vil bli spesielt premiert. | نماز مع ترجمہ، دعائے قنوت سادہ<br>(یہ مقابلہ صرف ریجنل سطح پر ہی منعقد ہو گا۔اوّل اور دوئم آنے والی ناصرات کو نیشنل اجتماع پر بھی خصوصی انعام دیا جائے گا) |
| **Tale(Urdu/Norsk)** | **تقریر (اردو/نوشک)** |
| Taletid: 3min<br>Velg et av tema nedenfor | تقریر کا وقت: 3منٹ<br>ذیل میں دیئے گئے عناوین میں سے کوئی ایک منتخب کریں۔ |
| 1. Å lese bønn på riktig tid er oppskrift for suksess | 1۔وقت پر نماز کی ادائیگی۔کامیابی کی کنجی |
| 2. Islam er en rettferdig og rettskaffen religion | 2۔اسلام ایک عدل وانصاف کا مذہب |
| 3. Kyskhet – Skjønnheten til en Ahmadi jente | 3۔حیا۔احمدی بچی کا حسن |
| 4. Lydighet til samtidens Kalif er en lykkegaranti for en Ahmadi | 4۔خلیفہ وقت کی اطاعت۔ایک احمدی کے لیے کامیابی کی ضمانت |
| 5. Å føle andres vanskeligheter og løse de (de fem grunnleggende egenskaper for oppførsel) | 5۔دوسروں کی تکلیف کا احساس اور اسے دور کرنا(پانچ بنیادی اخلاق) |
| **Diktlesing:** | **نظم۔معیار دوئم کے لئے نظمیں** |
| چھلک رہا ہے میرے غم کا آج پیمانہ۔از کلام محمود | زندگی بخش جام احمدؐ ہے۔از درثمین |
| چھلک رہا ہے میرے غم کا آج پیمانہ<br>کسی کی یاد میں مَیں ہو رہا ہوں دیوانہ<br>زمانہ گزرا کہ دیکھیں نہیں وہ مَست آنکھیں<br>کہ جن کو دیکھ کے مَیں ہو گیا تھا مَستانہ | زندگی بخش جامِ احمدؐ ہے<br>کیا ہی پیارا یہ نامِ احمدؐ ہے<br>لاکھ ہوں انبیاء مگر بخدا<br>سب سے بڑھ کر مقامِ احمدؐ ہے |

| | |
|---|---|
| باغِ احمدؑ سے ہم نے پھل کھایا<br>میرا بُستاں کلامِ احمدؑ ہے<br>ابنِ مریم کے ذِکر کو چھوڑو<br>اِس سے بہتر غلامِ احمدؑ ہے | وہ یار جس کی مَحبّت پہ ناز تھا مجھ کو<br>کوئی بتاؤ کہ کیوں ہو رہا ہے بیگانہ<br>نہ چھیڑ دشمنِ ناداں نہ چھیڑ کہتا ہوں<br>چَھلک رہا ہے میرے غم کا آج پیمانہ<br>تیرا خیال کدھر ہے یہ سوچ اَے ناداں<br>رَہا ہے دُور کبھی شَمع سے بھی پروانہ |
| **بہار آئی ہے، دل وقفِ یار کر دیکھو۔ از کلام طاہر** | **رکھ پیش نظر وہ وقت بہن۔ از درعدن** |
| بہار آئی ہے، دل وقفِ یار کر دیکھو<br>خِرَد کو نذرِ جُنُونِ بہار کر دیکھو<br>غضب کیا ہے جو کانٹوں سے پیار کر دیکھا<br>اَب آؤ پھولوں کو بھی ہمکِنار کر دیکھو<br>جو کر سکے تھے کیا، غیر ہمیں بنا نہ سکے<br>ہم اب بھی اپنے ہیں اپنا شمار کر دیکھو<br>بس اب نہ دُور رکھو اپنے دل سے اہلِ وَطن<br>ہے تم سے پیار ہمیں اِعتبار کر دیکھو<br>لگا رکھی ہیں جو چہروں پہ مولوی آنکھیں<br>نظر کی بَرچھی اِن آنکھوں سے پار کر دیکھو | رکھ پیش نظر وہ وقت بہن جب زندہ گاڑی جاتی تھی<br>گھر کی دیواریں روتی تھیں جب دنیا میں تو آتی تھی<br>جب باپ کی جھوٹی غیرت کا خوں جوش میں آنے لگتا تھا<br>جس طرح جَنا ہے سانپ کوئی یوں ماں تیری گھبراتی تھی<br>یہ خونِ جگر سے پالنے والے تیرا خون بہاتے تھے<br>جو نفرت تیری ذات سے تھی فِطرت پر غالب آتی تھی<br>وہ رَحمتِ عالَم آتا ہے تیرا حامی ہو جاتا ہے<br>تُو بھی انساں کہلاتی ہے سب حق تیرے دلواتا ہے<br>بھیج دُرُود اُس مُحسِن پر تُو دن میں سو سو بار<br>پاک محمد مصطفیٰؐ نبیوں کا سردار |
| | |

# معیار سوئم

# Myar-e-Soim

| | |
|---|---|
| For Nasirat som er 7-9 år gamle det vil si de, som er født mellom 1. Januar 2007 og 31. Desember 2009. | ناصرات جن کی عمر 7 تا 9 سال ہے یعنی جو 1 جنوری 2007 اور 31 دسمبر 2009 کے درمیان پیدا ہوئی ہیں۔ |
| **Kunne utenat (Hifz)** | **حفظ قرآن** |
| Siste fem kapitler | آخری 5 سورتیں |
| Al-Nasr<br>Al-Lahab<br>Al-Ikhlâs<br>Al-Falaq<br>Al-Nâs | سورۃ النصر<br>سورۃ اللّھب<br>سورۃ اخلاص<br>سورۃ الفلق<br>سورۃ الناس |
| **Resitasjon fra den hellige Koranen:** | **حسن قراءت** |
| Sura Al-Ahzâb 41-42 | سورۃ الاحزاب 41-42 |
| يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا ۝٤٢ | مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۝٤١ ع |
| **Namaz** | **حصہ نماز** |
| Hele bønn uten oversettelse(7-8år)<br>Hele bønn uten oversettelse, bønn med oversettelse til Tasj-hudd (8-9)<br>(Denne konkurransen vil kun være på regionalt nivå. Nasirat som kommer på 1. og 2. plass vil bli spesielt premiert. | نماز سادہ مکمل (7-8 سال)<br>نماز سادہ مکمل، نماز مع ترجمہ التحیات تک (8-9 سال)<br>یہ مقابلہ صرف ریجنل سطح پر ہی منعقد ہو گا، اوّل اور دوئم آنے |

| | |
|---|---|
| | والی ناصرات کو نیشنل اجتماع پر بھی خصوصی انعام دیا جائے گا۔ |
| **Tale (urdu/Norsk)** | **تقریر (اردو/نوشک)** |
| Taletid: 2min<br>Velg et av tema nedenfor | تقریر کا وقت: 2منٹ<br>ذیل میں دیئے گئے عناوین میں سے کوئی ایک منتخب کریں |
| 1.Takk Gud for at jeg er en Ahmadi | 1۔ خدا کا شکر ہے کہ میں ایک احمدی ہوں |
| 2. Sannheten (de fem grunnleggende egenskaper for oppførsel) | 2۔ سچائی (پانچ بنیادی اخلاق) |
| 3. Den femte Kalif (må Allah være hans Hjelper) | 3۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرالعزیز |
| 4. Den tredje betingelsen – Opprettholdelse av bønn | 4۔ تیسری شرط۔ پنجگانہ نماز کا التزام |
| 5.Måter til å tjene mennneskeheten på | 5۔ خدمت خلق کے ذرائع |
| **Diktlesing :** | **نظم۔ معیار سوئم کے لئے نظمیں** |
| ایمان مجھ کو دے دے۔ از کلام محمود | دیں کی نُصرت کے لیے۔ از درثمین |
| ایمان مجھ کو دے دے عِرفان مجھ کو دے دے<br>قُربان جاؤں تیرے قرآن مجھ کو دے دے<br>دل جل رہا ہے میرا فُرقت سے تیری ہر دَم<br>جامِ وِصال اپنا اے جان مجھ کو دے دے<br>کر دے جو حق و باطِل میں اِمتیازِ کامِل<br>اے میرے پیارے ایسا فُرقان مجھ کو دے دے<br>ہم کو تیری رَفاقت حاصِل رہے ہمیشہ<br>ایسا نہ ہو کہ دھو کہ شیطان مجھ کو دے دے<br>وہ دل مجھے عطا کر جو ہو نِثارِ جاناں<br>جو ہو فِدائے دلبر وہ جان مجھ کو دے دے | دیں کی نُصرت کے لیے اِک آسماں پر شور ہے<br>اَب گیا وقتِ خِزاں آئے ہیں پھل لانے کے دن<br>چھوڑ دو وہ راگ جِس کو آسماں گاتا نہیں<br>اَب تو ہیں اَے دل کے اَندھو دیں کے گُن گانے کے دن<br>وہ گھڑی آتی ہے جب عیسیٰ پکاریں گے مجھے<br>اب تو تھوڑے رہ گئے دجّال کہلانے کے دن<br>اے میرے یارِ یگانہ اے میری جاں کی پناہ<br>کَر وہ دن اپنے کرم سے دیں کے پھیلانے کے دن<br>دوستو اُس یار نے دیں کی مصیبت دیکھ لی<br>آئیں گے اِس باغ کے اب جلد لہرانے کے دن |

| ہیں لوگ وہ بھی چاہتے ہیں۔ از کلام طاہر | الٰہی مجھے سیدھا رستہ دکھادے۔ از بخار دل |
|---|---|
| ہیں لوگ وہ بھی چاہتے ہیں دولتِ جہاں ملے | الٰہی مجھے سیدھا رستہ دکھادے |
| زمیں ملے مکاں ملے سُکُونِ قلب و جاں ملے | میری زندگی پاک وطیّب بنادے |
| پر احمدی وہ ہیں کہ جن کے جب دعا کو ہاتھ اُٹھیں | مجھے دین و دنیا کی خوبی عطا کر |
| تڑپ تڑپ کے یوں کہیں کہ ہم کو قادیاں ملے | ہر اِک درد اور دُکھ سے مجھ کو شِفادے |
| چلے چلو تمہاری راہ دیکھتی ہیں مسجدیں | زُباں پر میری جھوٹ آئے نہ ہر گز |
| وہ مُنتظِر ہیں خانۂ خدا اسے پھر اَذاں ملے | کچھ ایسا سبق راستی کا پڑھادے |
| بڑھے چلو براہِ دیں خوشا نصیب کہ تمہیں | گناہوں سے نفرت بدی سے عَداوت |
| خلیفۃ المسیح سے اَمیرِ کارواں ملے | ہمیشہ رہیں دل میں اچھے اِرادے |
| جیو تو کامراں جیو شہید ہو تو اِس طرح | بڑوں کا اَدب اور چھوٹوں پہ شَفقت |
| کہ دین کو تمہارے بعد عُمرِ جاوِداں ملے | سراسر محبّت کی پُتلی بنادے |

| «Tarana» konkurranse | مقابلہ ترانہ |
|---|---|
| -Denne konkurransen vil under den nasjonale ijtema være mellom tre regioner.<br>-I denne konkurransen skal du lese «tarana(er)» i din gruppe. Tid: 4 min.<br><br>-En gruppe må minimum bestå av tre nasirat og maksimum fem. En gruppe kan mixes og nasirat av hvilken som helst Miyaar kan delta.<br>-De versene som leses må være fra jamaatens offisielle diktsamlinger. Struktur og lesemåte bestemmes selv. Også når det gjelder om det vil leses av den enkelte eller felles av gruppen. De er viktig at enhver nasirat tar del i forberedelse og presentasjon.<br><br>-Enhver gruppe gir sine vers skriftlig til dommerne med korrekt referanse(r).<br>-(Navnet på diktsamlingen og skribent) | ✓ یہ مقابلہ نیشنل اجتماع کے موقع پر تینوں Regions کے درمیان ہو گا۔<br>✓ اس مقابلہ میں آپ نے اپنے گروپس میں ایک ترانہ / ترانے پیش کرنے ہیں پیش کرنے کا وقت 4 منٹ ہونا چاہیے۔<br>✓ ایک گروپ کم از کم 3 ناصرات، زیادہ سے زیادہ 5 ناصرات پر مشتمل ہو، ملے جلے گروپس بنائے جاسکتے ہیں اس میں ہر معیار کی ناصرہ شامل ہو سکتی ہے۔<br>✓ ۔جو اشعار پیش کئے جائیں وہ جماعتی شعراء کے ہوں۔اشعار پیش کرنے کی ترتیب اور طریقہ کار آپ خود منتخب کر سکتی ہیں، اکیلے اور اکٹھا پڑھے جانے والا حصہ اپنی پسند سے رکھیں۔ لیکن پیش کرنے کے دوران ہر ناصرہ کچھ حصہ پڑھے۔<br>✓ ۔ہر گروپ منصفات کو اپنے پیش کرنے والے اشعار تحریری طور پر دے جس میں اشعار کے حوالہ جات درست طریق سے لکھے ہوں۔<br>✓ (شاعر کا نام، کتاب کا نام) |
| Plakat av Ahmadiyya moskeer – Konkurranse | مقابلہ جماعت احمدیہ کی مساجد کا پوسٹر |
| **(For miyare awwal og doem)**<br>-Plakat av moskeer, som jamaat selv har bygget<br>-Tegne eller male moskeer bygget av jamaaten på minimum et A3 plakat eller et kanvas. Det er lov å klippe og lime bilder fra internett av jamaatens moske bilder.<br><br>-Så kan du dekorere denne med klistremerker eller forskjellige farger og bruke din kreativitet for å designe plakaten best mulig.<br><br>-På lenken nedenfor ser du en liste over alle moskeer, som er bygget av jamaat.<br>https://en.wikipedia.org/wiki/List_of_Ahmadiyya_buildings_and_structures<br><br>-Miyare awwal og doem må minst velge ti moskeer og samle relevant informasjon. Navnet på moske, hvilket land og by er den i, når ble den grunnlagt og åpnet offisielt? Areal og noen spesielle merknader?<br>-Sadrane majalis må levere plakatene i Baitun Nasr innen den 11. februar. På plakaten må det stå nasiratens navn, miyar og navnet på majlis. | **(معیار اول اور دوئم کے لئے)**<br>✓ جماعت کی خود تعمیر کی گئی مساجد کا پوسٹر<br>✓ ایک کینوس یا بڑے گتے (سائز کم از کم A3) پر دنیا میں جماعت کی خود تعمیر کی گئی مساجد کو خوب صورتی سے ڈرائینگ یا پینٹنگ کے ساتھ تیار کریں۔اس کے لئے آپ انٹرنیٹ سے مساجد کی تصاویر لے کر وہ بھی لگا سکتی ہیں۔<br>✓ پھر آپ اسٹیکر، یا مختلف رنگوں والے کاغذات وغیرہ سے سجا سکتی ہیں، آپ اپنی پوری صلاحیت سے اس پوسٹر کو ڈیزائن کریں<br>✓ اس لنک پر آپ کو پوری دنیا میں بنائی گئی جماعتی مساجد کی لسٹ ملے گی۔<br>https://en.wikipedia.org/wiki/List_of_Ahmadiyya_buildings_and_structures<br>✓ معیار اول اور دوئم کم از کم 10 مساجد کو منتخب کریں، اور ان مساجد کی اہم معلومات ریسرچ کریں۔<br>✓ مسجد کا نام، وہ کس ملک / شہر میں ہے، اس کا سنگ بنیاد کب رکھا گیا اور افتتاح کب ہوا؟ مسجد کتنی بڑی ہے، کیا اس مسجد کی کوئی خصوصی بات ہے؟<br>✓ صدران مجالس پوسٹر 11 فروری کو مسجد پہنچا دیں۔پوسٹر پر ناصرہ کا نام، معیار اور مجلس کا نام ضرور لکھیں۔ |

| Viktig informasjon | ضروری ہدایات |
|---|---|
| • All nødvendig informasjon knyttet til pensum for ijtema er med i dette heftet. Det anbefales å dobbeltsjekke uttalelsen for dikt.<br>• Vi ber sekretærene om å lære nasirat den hellige Koranen samt fortelle om viktigheten av resitasjon og dens velsignelser.<br>• I resitasjon av Koranen, dikt og tale konkurransen vil kun første og andre plass kunne kvalifisere seg til nasjonale Ijtema.<br>• Tale emnene er ikke forskjellige på norsk og urdu. Hver deltaker kan kun holde tale på ett språk.<br>• Konkurransen «Tale uten forberedelse» vil kun bli holdt for Myar-e-awwal og Myar-e-doim.<br>• Bait bazi konkurransen vil være individuelt og kun for Myar-e-awwal og Myar-e-doim.<br>• Dikt 3vers. Tid 2min<br>• NB: Alle Nasirat skal ta på seg hvite klær den 2. dagen av Ijtema. Husk å ta med hodeplagg(dupatta) avhengig av Miyar.<br>Myar-e-Awaal Rød<br>Myar-e-Doim Rosa<br>Myar-e-Soim Grønn | ✓ اجتماع سے متعلق تمام چیزیں اس کتابچہ میں شامل کر دی گئیں ہیں۔<br>✓ سیکرٹریان سے گذارش ہے کہ ناصرات کو حُسن قراءت کی تیاری کرواتے ہوئے ان کا ترجمہ، اہمیت اور فضلیت سمجھائے۔<br>✓ نظم کا کتاب سے موازنہ کر لیں غلطی کے امکان پر کتاب کو ترجیح دیں۔<br>✓ مقابلہ حسنِ قرآت، تقریر اور نظم میں اوّل، دوئم آنے والی ناصرات نیشنل اجتماع کے مقابلہ جات میں حصہ لے سکیں گی۔<br>✓ مقابلہ تقریر اردو اور نوشک میں سے صرف ایک مقابلہ میں حصہ لیا جائے ۔یعنی ایک ناصرہ ایک مقابلہ میں دونوں زبانوں میں حصہ نہیں لے سکتی۔<br>✓ مقابلہ فی البدیہہ تقریر ناصرات معیار اول اور دوئم کا الگ الگ ہو گا۔<br>✓ مقابلہ بیت بازی انفرادی ہو گا اور یہ مقابلہ ناصرات معیار اوّل اور دوئم کا اکٹھا ہو گا۔<br>✓ دی گئی نظموں میں سے کوئی سے بھی 3 اشعار۔وقت 2 منٹ<br>نوٹ: تمام ناصرات اجتماع کے دوسرے دن سفید کپڑے پہنیں گی۔معیار کے مطابق دوپٹے لے کر آئیں۔<br>معیار اول سُرخ<br>معیار دوئم گلابی<br>معیار سوئم سبز |
| | |

Pensum for Ijtema
2018
Nasirat-ul-Ahmadiyya